مقاماتِ مظہری



تالیف : شاہ غلام علی دہلویؒ — ترجمہ تحقیق : محمد اقبال مجددی

اُردو سائنس بورڈ، لاہور

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۱۷۵

مقاماتِ مظہری

(فارسی)

احوال و ملفوظات و مکتوبات

حضرت میرزا مظہر جانِ جاناں شہیدؒ

۱۱۱۱ھ / ۱۷۰۰ء ——— ۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۰ء

تالیف

حضرت شاہ غلام علی دہلوی

تحقیق و تعلیق و ترجمہ

محمد اقبال مجددی

اردو سائنس بورڈ

۲۹۹ - اپر مال ○ لاہور

مقاماتِ مظہری

لائبریری کیٹلاگ کارڈ

غلام علی دہلوی ، شاہ

مقاماتِ مظہری (احوال و مقامات ، ملفوظات و مکتوبات حضرت میرزا مظہر جانِ جاناں شہید م ۱۱۹۵ھ/۱۷۸۰ء۔۔۔) لاہور : اردو سائنس بورڈ ، ۱۹۸۳ء

۷۹۲ ص

۱۔ مظہر جانِ جاناں ، میرزا

۲۔ سلطنتِ مغلیہ

۳۔ تصوف ۔ ہندوستان

I۔ محمد اقبال مجددی ، مترجم

II۔ عنوان

۹۲۲ء۹۷

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۱۷۵

طبع اول : جولائی ۱۹۸۳ء

تعداد : ۱۱۰۰

قیمت : -/۸۰ روپے

ناشر : اشفاق احمد
ڈائرکٹر اُردو سائنس بورڈ
۲۹۹ - اپر مال ، لاہور

طابع : محمد زرین خان
مطبع : زرین آرٹ پریس
۶۱ - ریلوے روڈ ، لاہور

مقاماتِ مظہری

اردو ترجمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقاماتِ مظہری

[۲] الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد و علیٰ آلہ و اصحابہ اجمعین اما بعد فقیر عبداللہ معروف بہ غلام علی عفی عنہ کہتا ہے یہ رسالہ ، صاحبِ کمالات و معارف دستگاہ حضرت مولوی نعیم اللہ[1] کی کتاب[2] مستطاب کا ملخص و انتخاب ہے جو انھوں نے سیدنا و مرشدنا مطلع انوارالطریقۃ منبع اسرار الحقیقۃ مقتداء ارباب یقین و عرفان شمس الدین حبیب اللہ حضرت میرزا جان جانان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آپ کے خلفاء کے حالات پر لکھ کر مخلصین کے دل اور آنکھوں پر بڑا احسان کیا ہے ۔ میں نے اُس کتاب کے بعض مطالب اس رسالہ میں شامل کیے ہیں اور ان کے علاوہ بھی جو کچھ یاد تھا ، اس میں اضافہ کیا ہے ۔ تا کہ یہ میرے لیے سعادت کا سرمایہ بن سکے ۔ واللہ ولی التوفیق ـــ مجھے اس رسالہ کی تالیف میں تردد تھا کہ ایسا نہ ہو کہ ان اوراق کا لکھنا آنحضرت (میرزا مظہر جان جانان رحمۃ اللہ علیہ) کی مرضی کے خلاف ہو لیکن میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت (میرزا مظہر) میرے مکان میں تشریف لائے ہیں اور (کتاب مذکور کے مصنف) مولوی نعیم اللہ بھی حاضر ہیں ۔ حضرت فرماتے ہیں کہ ہم تمھیں اس رسالہ کی تحریر کی اجازت دیتے ہیں اور دعائے خیر کرتے ہیں ۔ اس سے میں سمجھ گیا کہ آنحضرت نے مجھے اس